سوال

(125) بغیر حلالہ کے دوبارہ نکاح کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید نے اپنی بیوی کو دوطلاق دے کر رجعت کرلی اس کے بعد عورت سے مہر واپس لے کر اس کو خلع دے دیا۔ اب زید کا نکاح اس عورت سے بغیر حلالہ شرعی کے درست ہوگایا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مذکورہ میں زید بغیر حلالہ کے اپنی شرعی کے اپنی مختلعہ سے نکاح کرسکتا ہے خواہ دونوں رجعی طلاق ایک طہر میں دی ہو یا دو طہر میں۔ کیوں کہ خلع طلاق نہیں بلکہ فسخ ہے اس لیے عورت کے خلع لینے سے بینونۃ غلیظہ جس میں حلالہ شرعی کی ضرورت ہوتی ہے واقع نہیں ہوگی۔ وقد بسط الکلام فی المسئلۃ النواب القنوجی البوفانی فی دلیل الطالب ص :475 وفی الروضۃ الندیۃ 87/6 واستوفی الکلام العلامۃ الشوکانی فی شرح المنتقی فارجع الی ہذہ الکتب

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب الطلاق

صفحہ نمبر 270

محدث فتویٰ